نعرۂ مستانہ

از تصانیف

[illegible]یان سر کشن پرشاد مہاراجہ بہادر یمین السلطنت

کے سی آئی ای جی سی آئی ای

پیشکار و سابق وزیر اعظم دولت آصفیہ المتخلص بہ شاد صوفی

تلمیذ

حضرت آصف غفران مکان علیہ الرحمہ

در مطبع

رہبر دکن واقع افضل گنج حیدرآباد دکن طبع شد

اللہ ہو

نظم از نتیجۂ فکر حضرت شاہ صوفی مدظلہ

ساقیا بھر دے شراب خوشگوار — سر میں ہے اب تک جوانی کا خمار
اپنی چشمِ مست کی گردش دکھا — دور میں لا جام اے جم اقتدار
رات دن گردونِ دوں گردش میں ہے — ایک لمحہ بھی نہیں اس کو قرار
آج کل کا کیا بھروسہ دہر میں — ہے زمانے پر کسے یاں اختیار
ایک حالت پر رہا کب یہ شریر — استقامت پر نہیں ہے انحصار
جس کی فطرت میں ہے لازم انقلاب — کس طرح سے اسکو آئیگا قرار
ہر زماں ہر وقت میں تبدیلیاں — اسکی چالوں کا کسے ہے اعتبار

دلِ شگفتہ ہے کسی کا مثلِ گُل
خارِ حسرت سے کوئی سینہ فگار

کوئی آسودہ ہے جاہ و مال سے
مفلسی سے ہے کسی کو انتشار

کوئی اپنے ملک کا ہے بادشاہ
ہے گدا محتاج کوئی خوار و زار

کوئی ہے مشہور امیر ابن امیر
کوئی تاجر ہے تو کوئی خوشگزار

تنگ ہے نانِ شبینہ سے کوئی
ہے کسی کے پاس گنج بے شمار

زہد پر اپنے کسی کو ناز ہے
اور گناہوں سے کوئی ہے شرمسار

ہجرِ دلبر میں کوئی ناکام ہے
وصلِ جاناں سے ہے کوئی کامگار

ہے کسی کو اپنی قوت پر گھمنڈ
ناتوانی سے کسی کا حال زار

ہے مقید کوئی دامِ عشق میں
کوئی غم سے ہو گیا ہے رستگار

سبحۂ و زُنار میں کوئی اسیر
کوئی آزادہ روش آشفتہ کار

کوئی مصروفِ عبادت ہے مدام
کوئی مشہورِ جہاں ہے میگسار

شیخ کعبے میں ہے مصروف طواف ‏ ‏ بتکدے میں ہے کوئی زنّار دار

بُت پرستی میں کوئی مشغول ہے ‏ ‏ بعض کا آتش پرستی ہے شعار

کوئی کہتا ہے مسلماں آپ کو ‏ ‏ کوئی مندر میں ہے مورت پر نثار

کوئی میخانے کو جاتا ہے مدام ‏ ‏ بن گیا کعبہ کسی کا کوئے یار

خلعتِ زرتار میں ہے کوئی مست ‏ ‏ جیب و داماں ہیں کسی کے تار تار

الغرض ہر آن میں اک شان ہے ‏ ‏ ہے حقیقی شان شانِ نگار

جنکو کل دیکھا تھا ہم نے شادماں ‏ ‏ رو رہے ہیں آج وہ زار و قطار

بے وفا گنتے ہیں اُن کو آج ہم ‏ ‏ کل وفاداروں میں تھا جنکا شمار

جنکے زیبِ سر تھا تاجِ کیقباد ‏ ‏ وہ سرِ بازار اٹھتے ہیں بار

بانٹتے تھے سیم و زر لاکھوں کو جو ‏ ‏ انکو اک حبّہ نہیں ملتا ادھار

بخشتے تھے گاؤں جو انعام میں ‏ ‏ خانماں برباد ہیں وہ ذی وقار

کہہ رہی ہیں صاف یہ نیرنگیاں
رنگ دنیا کے نہیں ہیں پائدار

ہے وہی اچھا بھلے آدمی
جس کا ہے اللہ پر دار و مدار

فقر کی مسند پہ تکیہ جس کا ہے
ہے اسی کے دل کو دنیا میں قرار

صبر و استقلال ہیں جسکے رفیق
کچھ نہیں ہے اسکو خوف گیر و دار

اس جہاں میں جسکی ہے ہمت بلند
ہے موافق اس بشر کا روزگار

جو بہادر اور دل کا ہے شجیع
ہے اسی کے ہاتھ دشتِ کارزار

کانپتا ہو خوفِ حق سے جو کوئی
وہ ستم پیشہ نہ ہوگا زینہار

دو جہاں میں وہ رہے گا بہرہ ور
جس کا ہوگا عدل پر دار و مدار

جو موحد ہے وہ ہوگا حق پرست
کفر و ایماں کا نہ ہوگا کچھ بچار

بغض و کج بحثی سے ہوگا وہ نفور
راستی جس شخص کا ہوگا شعار

ہے نظر میں عارفِ کامل کی ایک
کوئی مسلم ہو کہ ہو زنّاردار

بندۂ دنیا نہ ہوگا وہ کبھی | اپنے دل کا جو کہ ہوگا شہریار
رحم ہوگا جس کے دل میں وہ ضرور | ہوگا مخلوقِ خدا کا غمگسار
جو کوئی ہو حق پرستی پر فدا | ملک مالک کا وہ ہوگا جاں نثار
یا الٰہی یا کریم و یا رحیم | یا غنی یا منعم و پروردگار
محو کر دے مجھ کو اپنے عشق میں | اس پریشاں دل کو تا آئے قرار
رکھ مجھے ثابت قدم اس راہ میں | خضر کی حاجت نہ ہو اے کردگار
شوق ہو دل میں ترے دیدار کا | اور ہو لب پر مرے گفتارِ یار
کفر کیسا ایماں اے خدا | تو مرا ایمان ہے پروردگار
آرزو میں پوری کر دل کی مری | تیرے ہوتے کیوں مجھے ہو انتظار
دو جہاں میں رکھ لے میری آبرو | دین و دنیا میں مجھے کر کامگار
دامنِ رحمت ہی تیرا ہاتھ میں | حشر کا پھر خوف کیا ہے کردگار

شاد رکھ اولاد کو احفاد کو
عمر دے صحت دے اے پروردگار

میری منہ مانگیں مرادیں دے مجھے
کر دے یارب طرح ذی اقتدار

حاجتیں ہیں تجھ سے میری بیحساب
نعمتیں ہیں یا رب تیرے بیشمار

نعمتِ عرفاں سے کر دے سرفراز
بحر عصیاں سے مرا بیڑا ہو پار

جو نہ مجھے دنیا ہے دیدے بے طلب
شاد کب تک تجھ سے مانگے بار بار

فہرست کتب از تصانیف ہز ایکسلنسی مہاراجہ راجایان سر کشن پرشاد بہادر یمین السلطنت

کے-سی-آئی-ای-جی-سی-آئی-ای

پیشکار و سابق مدار المہام سرکار عالی متخلص بہ شاد تلمیذ حضرت غفران مکاں علیہ الرحمہ

نمبر	نام کتاب	قیمت	نمبر	نام کتاب	قیمت
۱	۲	۳	۱	۲	۳
۱	سیر دسفر	[illegible]	۵	رباعیات شاد	[illegible]
۲	سیر پنجاب	عہ/	۶	ہدیۂ شاد	۸عہ/
۳	جام جہاں نما	عہ/	۷	اسپیچ محبوب گنج	۱/
۴	بزم خیال ہر سہ حصہ	ے	۸	گلبن تاریخ	۲/

نمبر	نام کتاب	قیمت	نمبر	نام کتاب	قیمت
۱	۲	۳	۱	۲	۳
۹	نسیم سحر	۲ر	۱۸	بزم توحید	۲ر
۱۰	نذر شاد	۲ر	۱۹	روضۂ شریف	۵ر
۱۱	فریاد شاد	۱۲ر	۲۰	نذر سلطان	۵ر
۱۲	آنکھ والا آنکھ والی کی تلاش میں	۳ر	۲۱	جذبۂ شاد	۴ر
۱۳	موتیوں کی لڑی	۴ر	۲۲	گیان درپن	۶ر
۱۴	مطلعِ خورشید	۸ر	۲۳	نغمۂ شاد	۶ر
۱۵	ایمان شاد	۴ر	۲۴	دسہرا	۴ر
۱۶	خمار شاد	۲ر	۲۵	سفر دو ہفتہ	۲ر
۱۷	آئینہ وحدت	۲ر	۲۶	صبح امید	۲ر

نمبر	نام کتاب	قیمت	نمبر	نام کتاب	قیمت
۲۷	ارمغانِ وزارت	عہ ۴ر	۳۶	مثنوی آئینۂ وجود	۳ر
۲۸	مجموعۂ مناجات	۲ر	۳۷	سرِّ وجود	۳ر
۲۹	شگوفہ بہار	۲ر	۳۸	اقوال حضرت علیؑ	۸ر
۳۰	دینِ حسین	۴ر	۳۹	سوریہ پرکاش	۸ر
۳۱	ماتم حسین	۴ر	۴۰	کرشن کلا	۸ر
۳۲	سپاسنامہ	۴ر	۴۱	روزنامچہ شادنگر	زیر طبع
۳۳	مخزنِ القوافی	عہ	۴۲	رین بسیرا	۲ر
۳۴	نورِ چشم	۸ر	۴۳	نظم دو بیبیہ	۰ر
۳۵	آشوب عظیم	۳ر	۴۴	معراج ترقی	۲ر

نمبر	نام کتاب	قیمت	نمبر	نا[illegible]	قیمت
۴۵	سفرنامہ گلبرگہ	زیر طبع	۴۹	رن [illegible]	[illegible]
۴۶	قومی لیڈر	۴ر	۵۰	جواب با[illegible]	[illegible]
۴۷	کلام شاد	عہ	۵۱	لزوم سلطانی	زیر طبع
۴۸	عرض حال	۲ر	۵۲	چنچل نار	عہ
			۵۳	ضلع جگت	رر